309000 - Maliqa
Naveed - 046

Date: 6-9-23

Day: M T W T F S

# اسلامیات

## اسلام سے کیا مراد ہے اور اس کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

**اسلام:۔** اسلام عربی زبان کا لفظ ہے۔ جو کہ "س، ل، م" سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں 'امن و سلامتی'۔ اسلام کا پرانا نام ہے "دین حنیف" جس کا مطلب ہے ایک خدا کو چاہنے والا، اور صراطِ مستقیم پر چلنے والا۔

**اسلام کا لفظی معنی:۔** اسلام کا لفظی معنی ہے 'امن و سلامتی'

**اسلام کا اصطلاحی معنی:۔**

اسلام کے اصطلاحی معنی ہیں،

"اطاعت، فرمانبرداری، تابع داری"۔
یعنی کے اپنی خواہشات کو اللہ کی مرضی کے تابع کرنا اسلام ہے۔

**شریعت کی روشنی میں اسلام:۔**

قرآن اور سنت کی روشنی میں اسلام سے مراد ہے۔ "اپنی مرضی، رضا مندی سے اللہ کے احکامات پر عمل کرنا اور عمل کرتے ہوئے امن میں داخل ہو جانا"۔ اسلام ہے۔

"سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں اسلام کا لفظ استعمال کیا"

Scanned with CamScanner

Date:

Day: M T W T F S

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ترجمہ:۔ "دین کے معاملے میں زبردستی نہیں
ہے بے شک ہدایت گمراہی سے
جدا کر دی گئی ہے"

(سورۃ بقرہ، آیت 256)

قرآن پاک میں ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

## لکم دینکم ولی دین ٥

ترجمہ:
"سو تمہارا دین تمہارے لیے
اور میرا دین میرے لیے ہے۔"

(سورۃ الکفرون) 6

اسلام کی تعریف:۔

اسلام ایک توحید پرست دین ہے جو
رسول اللہ ﷺ کے ذریعے ہمیں ملا۔

## امام غزالی رحمۃ اللہ:۔

امام غزالی رحمۃ اللہ اسلام
کے بارے میں فرماتے ہیں۔

"اسلام حقوق اللہ اور حقوق
العباد کے مجموعے کا نام ہے۔"

Scanned with CamScanner

Day: M T W T F S

Date:

## مولانا صدر الدین اصلاحیؒ:

مولانا صدر الدین اصلاحی اپنی کتاب "اسلام ایک نظر میں" فرماتے ہیں۔ کہ اگر اسلام کی تعریف سمجھی ہے تو قرآن سے سمجھیں:

"اسلام عقائد اور عبادات کے مجموعے کا نام ہے"

## حدیث کی روشنی میں:

حدیث میں آپؐ کا ارشاد ہے۔

"بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے"۔

لہذا ان تمام ذرائع کی روشنی میں کہا جاتا ہے۔

## "اسلام ایک عالمگیر دین ہے"

Scanned with CamScanner

Date:

Day: M T W T F S

# "اسلام کی نمایاں خصوصیات"

اسلام کی نمایاں خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

1- اسلام کا تصور واحدنیت
2- عقیدہ رسالت
3- اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات
4- اسلام اور انسانیت
5- حقوق العباد
6- جانوروں کے حقوق
7- اسلام ایک عملی دین
8- مکمل کتاب کا حامل دین
9- مساوات کا حامل دین
10- آسان دین

## 1- اسلام کا تصور واحدنیت:-

ہر مذہب کی اہم ترین خصوصیت اور سچائی کی دلیل صرف معرفت الہٰی اور مسئلہ توحید ہے۔

توحید اسلام کا بنیادی نظریہ ہے۔ جو اسلام میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اسلام کی نمایاں خصوصیات

Scanned with CamScanner

Date:____________ Day: M T W T F S

میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ اسلام ہی وہ دین
ہے، جس نے توحید کو مکمل طور پر بیان کیا ہے
اسلام کا تصورِ وحدانیت یہ ہے کہ
"پہلے اللہ اور اس کے رسولؐ کی گواہی دیں۔"
قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

قل ھو اللہ احد ① اللہ الصمد ②
لم یلد ولم یولد ③ ولم یکن لہ
کفوا احد ④۔

(سورۃ اخلاص)

ترجمہ: "فرما دیجئے، وہ اللہ ہے وہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز
ہے نہ اُس سے کوئی پیدا ہوا ہے اور نہ ہی وہ پیدا
کیا گیا ہے اور نہ ہی کوئی اُس کا ہمسر ہے۔"
'مولانا شبلی نعمانی' اپنی کتاب "سیرت النبیؐ" میں دو
احادیث بیان کرتے ہیں۔

1۔ حدیث:
"توحید اسلام کا پہلا سبق ہے"

2۔ حدیث:
"اسلام ایک قلعے کی مانند ہے اور اُس
قلعے میں داخل ہونے کا دروازہ توحید ہے۔"
لہٰذا ان تمام ذرائع سے ثابت ہوتا ہے کہ توحید اسلام
کا نمایاں پہلو ہے۔

Scanned with CamScanner

Date:

Day: M T W T F S

بقول اقبال:

بیاں میں نکتۂ توحید آ تو سکتا ہے

ترے دماغ میں بت خانہ ہو تو کیا کہیے

باطل دوئی پسند ہے حق لا شریک ہے

شرکتِ میانۂ حق و باطل نہ کر قبول۔

اس سے مراد یہ ہے کہ باطل دونوں اطراف اپنا وزن ڈالنا چاہتا ہے جب کہ حق کا کوئی شریک نہیں یعنی حق طرف ایک واضح نقطہ نظر کا حامل ہوتا ہے۔ حق اور باطل کے درمیان کسی چیز کو قبول نہ کر۔

## 2- عقیدہ رسالت:

عقیدہ رسالت اسلام کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک ہے کیونکہ "عقیدہ رسالت کلمہ کا دوسرا حصہ ہے"۔ عقیدہ رسالت ہمیں بتاتا ہے کہ ہمیں اپنی زندگی کیسے گزارنی چاہئے کیونکہ اسلام کے بتائے گئے صراطِ مستقیم پر چلنے کیلئے سنتِ نبوی پر عمل کرنا ضروری ہے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

"(مسلمانو!) محمدؐ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں۔"

**(سورۃ الاحزاب: ۴۰)**

ایک اور جگہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے

"نبی کبھی بھی خود سے بات نہیں کرتا وہ تو ان باتوں کا حکم دیتا ہے جو اللہ کی طرف سے وحی کی جاتی ہیں جو کہ اللہ کا حکم ہے۔"

Scanned with CamScanner

Date:

Day: M T W T F S

(سورۃ النجم : 3-6)

محمدؐ ہمارے لیے بہترین معلم ہیں۔

حدیث نبویؐ ہے کہ،

"بے شک مجھے انسانیت کی طرف معلم بنا کر بھیجا گیا"

لہذا حدیث و قرآن کی روشنی سے یہ ثابت کیا گیا ہے

کہ عقیدہ رسالت، عقیدہ توحید کے بعد اسلام کا نمایاں

پہلو ہے۔

## 3۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے:

اسلام ایک مکمل

ضابطہ حیات ہے کیونکہ یہ ہمیں زندگی کے ہر پہلو کے حوالے

سے ہدایت فراہم کرتا ہے۔ اسلام ہمیں انفرادی اور سماجی

زندگی کے تمام پہلوؤں کے متعلق ہدایات فراہم کرتا ہے۔

انفرادی زندگی میں انسان کی پیدائش، تعلیم، اخلاق، کردار

سازی، خاندانی نظام غرضیکہ یہ کہ روز مرہ زندگی کے تمام کاموں

میں روشنی فراہم کرتا ہے۔ اور اجتماعی زندگی کے تمام پہلوؤں

سماجی نظام، ریاستی نظام، بین الاقوامی معاملات، نظام عدل و غیرہ

تمام پہلوؤں میں ہماری راہنمائی کرتا ہے۔

اس مذہب میں دنیا کا ہر راز نمایاں ہے

جینے سے مرنے تک کا ہر دور سکھایا ہے

Scanned with CamScanner

Date:
Day: M T W T F S

4- **اسلام اور انسانیت:۔**
اسلام ہمیں انسانیت
کا درس دیتا ہے جیسے کہ
"انسان کے اندر کچھ خوبیاں ایسی ہوتی
ہیں اگر یہ خوبیاں کسی تفریق کے بغیر ہو تو یہ انسان کو
انسانیت کے قریب لے جاتی ہیں"
اسلام ہمیں یہی درس دیتا ہے کہ بلاتفریق کے لوگوں کی مدد کی
جائے۔ اُن کا احساس کیا جائے اسی نظریے کے مطابق اللہ تعالیٰ
نے کہا ہے۔
**"محمدؐ رحمتہ العلمین ہیں نہ کہ رحمتہ المسلمین"**
اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو تمام انسانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے
نہ کہ صرف مسلمانوں کیلئے۔ یہ سب سے بڑی دلیل ہے کہ اسلام
ساری انسانیت کا درس دیتا ہے۔
حدیث نبوی ہے۔
"مومنوں میں کامل ایمان والے وہ ہیں جو اعلیٰ
اخلاق پر فائز ہیں"
لہٰذا اسلام ہمیں انسانیت کی فلاح و بہبود کا حکم دیتا ہے

5- **حقوق العباد:** اسلام ہمیں حقوق العباد
کا درس دیتا ہے کہ تمام انسانوں کے حقوق یکساں
ہیں۔ کہ تمام انسانوں سے یکساں سلوک روا رکھا جائے اور

Scanned with CamScanner

Date:____________ Day: M T W T F S

کسی سے کوئی زیادتی نہ کی جائے۔
اللہ تعالیٰ نے حقوق العباد کو پورا کرنے کا سختی سے حکم دیا ہے۔ اللہ پاک قیامت کے دن ارشاد فرمائے گا:

"کہ کوئی دوزخی دوزخ میں اور کوئی جنتی
جنت میں داخل نہ ہو جب تک وہ حقوق
العباد کا بدلہ نہ ادا کرے"

دین اسلام کا 90 فیصد حقوق العباد پر مشتمل ہے۔

## 6- جانوروں کے حقوق:

اسلام ایک ایسا مکمل دین ہے جو جانوروں کے حقوق کا بھی درس دیتا ہے کہ اُن کا خیال رکھا جائے کیونکہ قیامت کے دن جانوروں کے حقوق کے بارے میں بھی سوال کیا جائے گا۔
واقعہ معراج بیان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:

"میں نے ایک عورت کو جہنم میں دیکھا
جس نے ایک بلی کو بھوکا پیاسا رکھا تھا۔"

ایک واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ نے ایک بدو کی سرزنش صرف اس وجہ سے کی کیونکہ اس کا اونٹ پیاسا تھا۔

**کرو مہربانی تم اہل زمیں پر
خدا مہرباں ہوگا عرش بریں پر**

← اسلام محبت تقسیم کرنے والا دین ہے۔ یہ ہمیں محبت کا درس دیتا ہے۔

Date: Day: M T W T F S

## 7- اسلام ایک عملی دین:

اسلام ایک عملی دین ہے جو بیک وقت مادی اور روحانی دونوں طرح کی کامیابیوں کا ضامن ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"انسان کیلئے وہی ہے جس کی اُس نے کوشش کی اور بے شک وہ اپنی کوشش ضرور دیکھے گا"۔

سورۃ الانعام میں اللہ کا ارشاد ہے۔

ہر ایک کیلئے ان کے عمل کے موافق درجے ہیں۔

ان آیات سے واضح ہے کہ اسلام نے اقوام عالم کو علم اور عمل دونوں کی طرف نہ صرف متوجہ کیا بلکہ عملاً ایسا کر کے بھی دکھایا۔

8- **مکمل کتاب کا حامل دین**: اسلام مکمل کتاب کا حامل دین ہے۔ وہ کتاب جس میں کوئی شک نہیں۔ جس کا تعارف اللہ تعالیٰ نے یوں کروایا ہے۔

"یہ وہ کتاب ہے جس کے کتاب الہیٰ ہونے میں کوئی شک نہیں"۔

اگر قرآن آج نازل ہوتا تب بھی ایک حرف کی تبدیلی کی ضرورت نہ ہوتی کیونکہ ہر زمانے کے ساتھ مطابقت کی اس کی صلاحیت پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"ہم نے اس قرآن کو نازل کیا ہے ہم ہی اس کے محافظ ہیں"۔

Scanned with CamScanner

Date: Day: M T W T F S

9- **مساوات کا حامل دین:** اسلام مساوات کا حامل دین ہے۔ مساوات کے معنی یہ نہیں کہ ایک جاہل بمقابلہ عالم کے اور ایک غدار بمقابلہ ایک وفادار کے یکساں حقیقت رکھتے ہیں۔ ایسا کرنا تو حقوقِ انسانیت اور اخلاق کو تباہ کرتا ہے۔ مساوات کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص کو شرعاً و قانوناً تمام حقوق حاصل ہوں جو کسی دوسرے شخص کو اسی دین اور ملک کے اندر حاصل ہوں۔ اسلام میں ہر ایک کو آزادیِ رائے حاصل ہے۔ مردوں اور عورتوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں۔ مسجدوں اور قبرستانوں میں بھی کوئی تفریق نہیں۔ بقول اقبال:

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ بندہ نواز

10- **آسان دین:**

اسلام کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ یہ ایک آسان دین ہے۔ اس کی تعلیمات میں کوئی ابہام اور پیچیدگی نہیں۔ اس کی بنیاد اس قرار پر ہے کہ اللہ ایک ہے۔ اسلام میں قرآن و سنت کی روشنی میں زندگی کے اور آخرت کے ہر پہلو کی طرف راہنمائی کی گئی ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"اور اُن کو اللہ کی آیتیں کھول کھول کر بیان کی جاتی ہیں تاکہ وہ ان پر ایمان لائیں اور نیک عمل کرتے رہیں اور آخرت میں اُن کیلئے بہترین اجر ہے۔"

Scanned with CamScanner